27281 ـ والد کی اطاعت کرتے ہوئے شراب کی خریداری کرنا

سوال

میرے والد صاحب شراب نوشی کرتے ہیں، اور مجھے شراب لانے کا کہتے ہیں، لیکن میں ان کے سامنے انکار نہیں کر سکتا، کیونکہ والد صاحب ہی گھر کی آمدنی کا واحد ذریعہ ہیں تو کیا مجھے شراب کی خریداری پر باز پرس ہو گی ؟

پسندیدہ جواب

الحمد للہ.

اللہ سبحانہ و تعالی نے اولاد پر والدین کی اطاعت و فرمانبرداری فرض کی ہے.

اللہ سبحانہ و تعالی کا فرمان ہے:

آپ کہیے کہ آؤ میں تم کو وہ چیزیں پڑھ کر سناؤں جو تمہارے رب نے تم پر حرام کی ہي، وہ یہ کہ اللہ کے ساتھ کسی چیز کو شریك مت ٹھراؤ، اور ماں باپ کے ساتھ احسان کرو، اور اپنی اولاد کو افلاس کے ڈر سے قتل مت کرو، ہم تم کو اور ان کو رزق دیتے ہیں، اور بےحیائی کے جتنے طریقے ہیں ان کے پاس بھی مت جاؤ چاہے وہ علانیہ ہوں یا پوشیدہ، اور جس کا خون کرنا اللہ تعالی نے حرام کر دیا ہے اس کو قتل مت کرو، ہاں مگر حق کے ساتھ، ان کا تم کو تاکیدی حکم دیا ہے تا کہ تم سمجھو الانعام (151).

اور اللہ تعالی نے اولاد کے لیے والدین کی نافرمانی حرام کی ہے.

اللہ تعالی کا فرمان ہے:

اور تیرا رب صاف صاف حکم دے چکا ہے کہ تم اس کے سوا کسی اور کی عبادت نہ کرنا، اور ماں باپ کے ساتھ احسان کرنا، اگر تیری موجودگی میں ان میں سے کوئی ایك یا دونوں بڑھاپے کو پہنچ جائیں تو ان کے آگے اف تك نہ کہنا، نہ انہیں ڈانٹ ڈپٹ کرنا بلکہ ان کے ساتھ ادب و احترام سے بات چیت کرنا الاسراء (23).

اور یہ اطاعت و فرمانبرداری واجب ہے، لیکن اگر آپ کے والدین آپ کو شرك یا معصیت و نافرمانی کا حکم دیں تو پھر اس میں ان کی اطاعت نہیں ہو گی، کیونکہ اللہ خالق الملك کی نافرمانی میں کسی بھی مخلوق کی اطاعت نہیں ہے.

اور پھر کتاب و سنت اور اجماع کے دلائل سے شراب حرام ہے.

اللہ سبحانہ و تعالی کا فرمان ہے:

اے ایمان والو! بات یہی ہے کہ شراب اور جوا اور تھان اور فال نکالنے کے پانسے کے تیر یہ سب گندی باتیں، شیطانی کام ہیں، ان سے بالکل الگ رہو تا کہ تم کامیاب ہو جاؤ، شیطان تو یہی چاہتا ہے کہ شراب اور جوئے کے ذریعہ تمہارے آپس میں میں عدوات اور بغض پیدا کر دے اور تمہیں اللہ تعالی کی یاد اور نماز سے روک دے تو اب بھی باز آ جاؤالمآئدۃ (90).

شراب میں دس آدمیوں پر لعنت کی گئی ہے، جن میں خریدار بھی شامل ہے.

انس بن مالك رضی اللہ تعالی عنہما بیان کرتے ہیں کہ:

" رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے شراب میں دس آدمیوں پر لعنت کی: شراب کشید کرنے والے، اور شراب کشید کروانے والے، اور شراب نشی کرنے والے، اور شراب اٹھانے والے اور جس کی طرف اٹھا کر لیجائی جائے، اور شراب فروخت کرنے والے، اور اس کی قیمت کھانے والے، اور شراب خریدنے والے، اور جس کے لیے خریدی گئی ہے سب پر لعنت فرمائی "

سنن ترمذی حدیث نمبر (1259) سنن ابن ماجہ حدیث نمبر (3381) علامہ البانی رحمہ اللہ نے صحیح ترمذی حدیث نمبر (1041) میں اسے صحیح قرار دیا ہے.

خلاصہ یہ ہوا کہ:

آپ کے لیے جائز نہیں کہ آپ والد کے لیے شراب خریدیں، اور اللہ تعالی کی معصیت و نافرمانی میں مخلوق کی اطاعت نہیں ہو سکتی، چاہے یہ چیز آپ کے لیے والد کی ناراضگی کا باعث بنے، اور وہ آپ کے لیے بد دعاء بھی کرے، تو وہ خود گنہگار ہو گا، اور شریعت میں اس کا کوئی وزن نہیں.

عائشہ رضی اللہ تعالی عنہا بیان کرتی ہیں کہ رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا:

" جس نے بھی لوگوں کو ناراض کر کے اللہ تعالی کو راضی کیا تو اللہ تعالی اسے کافی ہو جائیگا، اور جس نے لوگوں کو راضی کر کے اللہ کو ناراض کیا تو اللہ تعالی اسے لوگوں کے سپرد کر دیگا "

صحیح ابن حبان (1 / 115) علامہ البانی رحمہ اللہ نے سلسلۃ الاحادیث الصحیحۃ حدیث نمبر (2311) میں اسے صحیح قرار دیا ہے.

اللہ تعالی سے ہماری دعا ہے کہ وہ آپ کے والد کو ہدایت سے نوازے.

والله اعلم .